# Globethics Repository

## Islam ur Jadid Sains (Islam and modern Science (PART 1)

This page was generated automatically upon download from the Globethics Repository. More information on Globethics see https://www.globethics.net. Data and content policy of Globethics Repository see https://repository.globethics.net/pages/policy.

| | |
|---|---|
| Item Type | Book |
| Authors | al-Qodiri, Muhammad Thohir |
| Publisher | Manshurat Minhaj al-Quran |
| Rights | With permission of the license/copyright holder |
| Download date | 2026-07-14 06:22:56 |
| Link to Item | http://hdl.handle.net/20.500.12424/188756 |

# اِسلام اور جدید سائنس

پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری

مرتب

عبدالستّار (منہاجین)

www.MinhajBooks.com

منہاجُ القرآن پبلیکیشنز

365 ایم، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 5168514، 3-5169111

www.minhaj.org & www.minhaj.net

E-mail: tehreek@minhaj.org

جملہ حقوق بحقِ اِدارہ محفوظ ہیں

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | اِسلام اور جدید سائنس |
| مصنف | : | پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری |
| مُرتب | : | عبدالستار (منہاجین) |
| پروف ریڈنگ | : | محمد فاروق رانا (منہاجین) |
| کمپوزنگ | : | عبدالخالق بلتستانی |
| زیرِ اِہتمام | : | فریدِ ملت رحمۃ اللہ علیہ ریسرچ اِنسٹیٹیوٹ |
| مطبع | : | منہاج القرآن پرنٹرز |
| اِشاعت اوّل | : | مئی 2001ء |
| تعداد | : | 1100 |
| قیمت | : | 225 روپے |

www.MinhajBooks.com

**نوٹ**: پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی تمام تصانیف اور خطبات و لیکچرز کے ریکارڈ شدہ آڈیو / ویڈیو کیسٹس اور CDs سے حاصل ہونے والی جملہ آمدنی اُن کی طرف سے ہمیشہ کے لئے **تحریکِ منہاجُ القرآن** کے لئے وقف ہے۔

(ڈائریکٹر منہاجُ القرآن پبلیکیشنز)

# فہرست


| | |
|---|---|
| عرضِ مرتب | 21 |
| **حصہ اوّل: سائنسی شعور کے فروغ میں اِسلام کا کردار** | **27** |
| **بابِ اوّل: قرآنی تعلیمات اور سائنسی علوم کی ترغیب** | **29** |
| 1 آیاتِ ترغیبِ علم | 32 |
| 2 کائنات میں غور و فکر کی ترغیب | 33 |
| **بابِ دُوُم: اِسلام اور سائنس میں عدمِ مغایرت** | **53** |
| 3 مذہب اور سائنس میں تعلق | 57 |
| 4 دورِ حاضر کا المیہ | 59 |
| 5 مذہب اور سائنس میں عدمِ تضاد | 60 |
| i- بنیاد میں فرق | 61 |
| ii- دائرۂ کار میں فرق | 63 |
| iii- اِقدام و خطاء کا فرق | 63 |
| 6 مغالطے کے اَسباب | 66 |
| 7 پہلا سبب......سولہویں صدی کے کلیسائی مظالم | 66 |


www.MinhajBooks.com

منہاج انٹرنیٹ بیورو کی پیشکش

www.MinhajBooks.com

| | | |
|---|---|---|
| 8 | دُوسرا سبب......علمائے اِسلام کی سائنسی علوم میں عدمِ دِلچسپی | 70 |
| ❁ | **بابِ سوُم: قرونِ وُسطیٰ میں سائنسی علوم کا فروغ** | 73 |
| 9 | عالمِ اِسلام میں تہذیب وثقافت کا فروغ | 79 |
| 10 | علومُ القرآن (Qur'anic Sciences) | 81 |
| 11 | علمِ ہیئت وفلکیات (Astronomy) | 84 |
| 12 | حساب، الجبراء، جیومیٹری (Math, Algebra, Geometry) | 88 |
| 13 | طبیعیات، میکانیات، حرکیات (Physics, Mechanics, Dynamics) | 89 |
| 14 | علمِ بصریات (Optics) | 90 |
| 15 | علمُ النباتات (Botany) | 91 |
| 16 | علمُ الطب (Medical Sciences) | 94 |
| 17 | علمِ ادوِیہ سازی (Pharmacology) | 98 |
| 18 | علمُ الجراحت (Surgery) | 100 |
| 19 | علمِ امراضِ چشم (Ophthalmology) | 102 |
| 20 | بیہوش کرنے کا نظام (Anaesthesia) | 103 |
| 21 | علمُ الکیمیاء (Chemistry) | 104 |
| 22 | فنونِ لطیفہ (Fine Arts) | 106 |
| 23 | علمِ فقہ وقانون (Law & Jurisprudence) | 106 |
| 24 | علمِ تاریخ وعمرانیات (Historiography & Sociology) | 111 |
| 25 | علمِ جغرافیہ ومواصلات (Geography & Communication) | 111 |

| | | |
|---|---|---|
| 26 | اِسلامی سائنس اور مستشرقین کے اِعترافات | 115 |
| ❁ | **باب چہارم: اِسلامی سپین میں تہذیب و سائنس کا اِرتقاء** | **123** |
| 27 | اَدوارِ حکومت | 126 |
| | فتحِ سپین | 126 |
| | عصرِ وُلاۃ | 129 |
| | دورِ بنواُمیہ | 130 |
| | دورِ مرابطون | 132 |
| | دورِ مؤحّدون | 134 |
| | دورِ بنونصر | 135 |
| 28 | **اِسلامی سپین کے چند عظیم سائنسدان** | 137 |
| 29 | **اِسلامی سپین کا علمی و فنی اِرتقاء** | 150 |
| 30 | **اِسلامی سپین کے چند اہم علوم** | 153 |
| | علمُ الطب (Medical Sciences) | 155 |
| | علمُ الہیئت (Astronomy) | 158 |
| | علمُ النباتات (Botany) | 161 |
| 31 | **اِسلامی سپین کا تہذیبی و ثقافتی اِرتقاء** | 164 |
| | دارُالحکومت ......قرطبہ | 170 |
| 32 | **اِسلامی سپین میں صنعت و ٹیکنالوجی کا اِرتقاء** | 172 |
| 33 | کاغذسازی (Paper industry) | 173 |


www.MinhajBooks.com

| | | |
|---|---|---|
| 34 | ٹیکسٹائل انجینئرنگ (Textile engineering) | 176 |
| 35 | گھڑیاں (Watches) | 179 |
| 36 | حرکی توانائی (Kinetic energy) | 180 |
| 37 | کیمیکل ٹیکنالوجی (Chemical technology) | 181 |
| 38 | اسلحہ سازی (Ordnance) | 183 |
| 39 | ہوائی جہاز (Aeroplane) | 184 |
| 40 | سول انجینئرنگ (Civil engineering) | 186 |
| | مسجد قرطبہ | 186 |
| | قصرُ الزہراء | 188 |
| | الحمراء | 191 |
| 41 | **اغیار کا اِعترافِ عظمت** | 192 |
| | **حصہ دُوُم: قرآنی و سائنسی علوم کا دائرۂ کار** | **197** |
| | **باب اوّل: قرآنی علوم کی وُسعت** | 199 |
| 42 | **جامعیتِ قرآن کی عملی شہادتیں** | 207 |
| 43 | پہلی شہادت ...... ہر معاملے میں اُصولی رہنمائی | 207 |
| | فلسفہ اور قرآن | 210 |
| | سائنس اور قرآن | 211 |
| 44 | دُوسری شہادت ...... قرآن تمام نقلی علوم و فنون کا مأخذ ہے | 217 |
| 45 | تیسری شہادت ...... حضور ﷺ کی عمرِ مبارک کا اِستشہاد | 219 |


www.MinhajBooks.com

| | | |
|---|---|---|
| 46 | چوتھی شہادت ......اَجرامِ فلکی کی دُہری گردش | 221 |
| 47 | پانچویں شہادت ......واقعۂ تسخیرِ ماہتاب اور قرآن | 222 |
| 48 | The Conquest of Space | 229 |
| | **بابِ دُوُم: سائنسی طریق کار اور تصوّرِ اِقدام و خطاء** | 235 |
| 49 | سائنسی طریقِ کار اور اُس کا فروغ | 238 |
| 50 | سائنسی تحقیقات میں اِقدام و خطاء کا تصوّر | 241 |
| 51 | **نظامِ شمسی پر تحقیقات** | 242 |
| | 1- بنی نوع اِنسان کا اوّلیں نظریہ | 242 |
| | 2- فیثا غورث کا نظریہ | 243 |
| | 3- بطلیموس (Ptolemy) کا نظریہ | 243 |
| | 4- زرقالی (Arzachel) کا نظریہ | 244 |
| | 5- کوپر نیکس (Copernicus) کا نظریہ | 246 |
| | 6- ٹیکو براہی (Tycho Brahe) کا نظریہ | 246 |
| | 7- گیلیلیو (Galileo) کا نظریہ | 247 |
| | 8- کیپلر (Kepler) کا نظریہ | 248 |
| | 9- نیوٹن (Newton) کا نظریہ | 248 |
| | 10- آئن سٹائن (Einstein) کا نظریہ | 249 |
| 52 | سائنسی تحقیقات کی بنیاد......اِقدام و خطاء | 249 |
| | **بابِ سوُم: سائنسی علوم کی اَقسام اور اُن کا محدُود دائرۂ کار** | 251 |


www.MinhajBooks.com
منہاج انٹرنیٹ بیورو کی پیشکش

| | | |
|---|---|---|
| 53 | **سائنسی علوم کی اَقسام** | 256 |
| | 1- مادّی علوم (Physical sciences) | 256 |
| | 2- حیاتیاتی علوم (Biological sciences) | 257 |
| | 3- نفسیاتی علوم (Psychological sciences) | 258 |
| 54 | جدید سائنس کی سنگین خطاء | 258 |
| 55 | اِنسانی علوم کی بنیادی ضرورت | 261 |
| 56 | تہذیبِ مغرب کا کھوکھلا پن | 262 |
| 57 | مسلم دانش کے لئے لمحۂ فکریہ | 264 |
| 58 | سائنس اور مذہب میں رابطے کی واحد صورت | 265 |
| | **حصہ سوُم: اِسلام اور کائنات** | **269** |
| | **باب اوّل: اَجرامِ فلکی کی بابت اِسلامی تعلیمات** | 271 |
| 59 | ستارے (Stars) | 276 |
| 60 | سیاہ شگاف (Black holes) | 279 |
| 61 | دُمدار تارے (Comets) | 282 |
| 62 | سورج (The Sun) | 285 |
| | گردشِ آفتاب | 286 |
| | شمسی تقوِیم (Solar calendar) | 287 |
| 63 | سیارے (Planets) | 289 |
| 64 | زمین (The Earth) | 294 |




www.MinhajBooks.com

| | | |
|---|---|---|
| 65 | چاند (The Moon) | 303 |
| | قمری تقوِیم (Lunar calendar) | 304 |
| | تسخیرِ ماہتاب | 309 |
| ۞ | **بابِ دُوُم: تخلیقِ کائنات کا قرآنی نظریہ** | 313 |
| 66 | عظیم دھماکے کا نظریہ (Big Bang theory) | 317 |
| 67 | اِبتدائی دھماکے کا قرآنی نظریہ | 322 |
| 68 | کائنات میں نئے مادّے کا ظہور | 326 |
| 69 | عظیم دھماکے کا پیش منظر | 329 |
| 70 | قرآن اور نظریۂ اِضافیت (Theory of Relativity) | 330 |
| ۞ | **بابِ سوُم: قرآنی لفظِ سماء کے مفاہیم اور سات آسمانوں کی حقیقت** | 335 |
| 71 | **قرآنی لفظ سماء کے معانی** | 339 |
| | 1- بادل | 339 |
| | 2- بادلوں کی فضا | 340 |
| | 3- بارِش | 341 |
| | 4- کرۂ ہوائی | 342 |
| | 5- گھر کی چھت | 343 |
| | 6- سماوِی کائنات | 344 |
| 72 | **سات آسمانوں کی سائنسی تعبیر** | 348 |
| | پہلی وضاحت......سات آسمانوں کا کائناتی تصوّر | 349 |


www.MinhajBooks.com

دُوسری وضاحت......سات فلکیاتی تہیں 352

تیسری وضاحت......لامتناہی اَبعاد 353

باب چہارم: مکان-زمان (Space-time) کا قرآنی نظریہ 355

73 روشنی کی رفتار کا عدمِ حصول 360

مثال 361

74 اِضافیت زمان ومکاں 362

75 قرآنِ مجید اور طئ زمانی 365

76 اصحابِ کہف کے لئے طئ زمانی 366

77 سیدنا عزیر علیہ السلام کے لئے طئ زمانی 369

78 قرآنِ حکیم اور طئ مکانی 372

79 معجزۂ معراجِ مصطفیٰ اور طئ مکانی وزمانی 376

80 روزِ قیامت...... اِضافیتِ زماں 379

81 وقت...... اِدراکِ نفسی 382

باب پنجم: اِرتقائے کائنات کے چھ اَدوار 385

82 قرآنِ مجید کا تصوّرِ یوم 389

83 تخلیقِ کائنات اور آٹھ قرآنی اُصول 391

84 قرآنی چھ اَیام کا مفہوم 393

85 تخلیق کے دو مراحل 397

86 مرحلۂ ماقبل ظہورِ حیات 397

| | | |
|---|---|---|
| ❁ | بابِ ششم: کرۂ ارضی پر اِرتقائے حیات | 401 |
| 87 | تخلیقِ زمین اور اُس کا فطری اِرتقاء | 407 |
| 88 | مراحلِ تخلیقِ ارض | 408 |
| 89 | مرحلۂ مابعد ظہورِ حیات | 409 |
| | 1- مرحلۂ ماقبلِ عہدِ حجری (Proterozoic Era) | 410 |
| | 2- مرحلۂ حیاتِ قدیم (Palaeozoic Era) | 410 |
| | 3- مرحلۂ حیاتِ وُسطیٰ (Mesozoic Era) | 411 |
| | 4- مرحلۂ حیاتِ جدید (Cainozoic Era) | 412 |
| 90 | زمینی زندگی کا پانی سے آغاز | 414 |
| ❁ | بابِ ہفتم: ڈارون کا مفروضۂ اِرتقائے حیات (Darwinism) | 419 |
| 91 | ڈارونی اِرتقاء کا غیرسائنسی افسانہ | 422 |
| 92 | مفروضۂ اِرتقاء کا کھوکھلا پن | 425 |
| | 1- خلیوں کی من گھڑت اَقسام | 426 |
| | 2- اِرتقاء کا عمل سُست رو ہے......؟ | 427 |
| | 3- جینیاتی تبدّل ہمیشہ تخریبی ہوتا ہے | 428 |
| | 4- علمی دھوکہ دہی کی ننگی داستان | 429 |
| | 5- اپنڈکس ہرگز غیرضروری نہیں | 429 |
| | 6- کوئی مخلوق اِرتقاء یافتہ نہیں | 430 |
| | 7- بقائے اَصلح (Survival of the fittest) کی حقیقت | 431 |

i- اندھی مچھلی 431

ii- اندھا سانپ 432

iii- آسٹریلوی خارپُشت 432

8- اَصناف کا تنوّع 433

9- سائنسی علوم کی عدمِ قبولیت 434

i- طبیعیات (Physics) 434

ii- ریاضی (Mathematics) 435

iii- حیاتیات (Biology) 435

93 اِسلامی تصوّرِ تخلیق ہی حق ہے 437

باب ہشتم: پھیلتی ہوئی کائنات (Expanding universe) کا قرآنی نظریہ 439

94 کائنات کی بیکرانی 441

95 توسیعِ کائنات...... ایک سائنسی دریافت 443

96 ڈاپلر اثر (Doppler Effect) کی ایک عام فہم مثال 444

97 وُسعت پذیر کائنات کا قرآنی نظریہ 445

باب نُہم: سیاہ شگاف (Black Hole) کا نظریہ اور قرآنی صداقت 449

98 سیاہ شگاف (Black Hole) کا تعارُف 451

99 سیاہ شگاف (Black Hole) کا معرضِ وُجود میں آنا 452

100 سیاہ شگاف (Black Hole) سے روشنی بھی فرار نہیں ہوسکتی 455

| | | |
|---|---|---|
| 101 | سیاہ شگاف (Black Hole) بیرونی نظارے سے مکمل طور پر پوشیدہ ہیں | 456 |
| 102 | زمین آخرکار سورج سے جاٹکرائے گی | 457 |
| 103 | موجود سیاہ شگافوں کی تعداد اور جسامت | 458 |
| 104 | سیاہ شگاف...... ایک ناقابلِ دِید تنگ گزرگاہ | 460 |
| ❁ | **بابِ دہُم: کائنات کا تجاذُبی اِنہدام اور اِنعقادِ قیامت** | **461** |
| 105 | کائنات کے تجاذُبی اِنہدام کا قرآنی نظریہ | 464 |
| 106 | کائنات کے لپیٹے جانے کی سائنسی تفسیر | 470 |
| 107 | عظیم آخری تباہی (Big Crunch) اور نئی کائنات کا ظہور | 473 |
| 108 | کائنات کی دُوسری گیسی حالت (Gaseous state) | 476 |
| 109 | انجامِ کائنات...... عظیم سیاہ شگاف (Black Hole) | 479 |
| 110 | سورج کی موت اور اِنعقادِ قیامت | 486 |
| ❁ | **حصہ چہارُم: اِسلام اور اِنسانی زندگی** | **489** |
| ❁ | **بابِ اوّل: اِنسانی زِندگی کا کیمیائی اِرتقاء** | **491** |
| 111 | **کیمیائی اِرتقاء کے سات مراحل** | 493 |
| | 1- تراب (Inorganic matter) | 494 |
| | 2- ماء (Water) | 495 |
| | 3- طین (Clay) | 496 |
| | 4- طینِ لازب (Adsorbable clay) | 497 |

| | | |
|---|---|---|
| 498 | 5-صلصال من حماءٍ مسنون (Old physically & chemically altered mud) | |
| 502 | 6-صلصال کالفخار (Dried & highly purified clay) | |
| 504 | 7-سُلالہ من طین (Extract of purified clay) | |
| 505 | تخلیقِ آدم علیہ السلام اور تشکیلِ بشریت | 112 |
| 507 | بشریتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جوہری حالت | 113 |
| 511 | باب دُوُم: اِنسانی زِندگی کا حیاتیاتی اِرتقاء | |
| 513 | رحمِ مادر میں خلیاتی تقسیم (Mitotic division in uterus) | 114 |
| 515 | نطفۂ اَمشاج (Mingled fluid) کا مفہوم | 115 |
| 515 | i-منیّ یُمنٰی (Sperm) | |
| 515 | ii-ماءِ دافق (A liquid poured out) | |
| 517 | iii-ماءِ مھین (A despised liquid) | |
| 517 | iv-نطفة أمشا ج (Mingled fluid) | |
| 518 | خلیاتی تقسیم (Mitotic division) | 116 |
| 519 | نفسِ واحدہ (Single life cell) کی اوّلیں تخلیق | 117 |
| 520 | انڈے کی رحمِ مادر (Uterus) میں منتقلی | 118 |
| 520 | علقہ (Hanging mass) کی اِبتداء | 119 |
| 521 | رحمِ مادر میں اِنسانی وُجود کا اِرتقاء | 120 |
| 526 | جنین (Embryo) کی بطنِ مادر میں تین پردوں میں تشکیل | 121 |
| 534 | اِنسانی تکوِین وتشکیل میں حُسنِ نظم | 122 |

| | | |
|---|---|---|
| 123 | اِنسانی وُجود کی تکوِین کے چار مراحل | 536 |
| 124 | دورانِ حمل نظامِ ربوبیت کے مظاہر | 541 |
| | i- تغذیہ (Nourishment) | 541 |
| | ii- حفاظت (Protection) | 542 |
| | iii- نقل وحرکت (Movement) | 542 |
| | iv- تکیّفِ حرارت (Control of temperature) | 542 |
| ❁ | **باب سوُم: اِنسانی زِندگی کا شعوری اِرتقاء** | **543** |
| 125 | اِنسانی زِندگی اور اَقسامِ ہدایت | 546 |
| | 1- ہدایتِ فطری (ہدایتِ وِجدانی) | 547 |
| | 2- ہدایتِ حسّی | 548 |
| | 3- ہدایتِ عقلی | 549 |
| | 4- ہدایتِ قلبی | 549 |
| | 5- ہدایتِ ربانی (ہدایت بالوحی) | 550 |
| | i- ہدایتِ عامہ | 550 |
| | ii- ہدایتِ خاصہ | 552 |
| | iii- ہدایتُ الایصال | 553 |
| 126 | **اِنسانی ذرائعِ علم** | 555 |
| | 1- حواسِ خمسہ ظاہری | 556 |
| | حواسِ خمسہ ایک دُوسرے کا بدل نہیں بن سکتے | 557 |

| | | |
|---|---|---|
| | حواسِ خمسہ ظاہری کا محدُود دائرۂ کار | 557 |
| | ایک لطیف تمثیل | 558 |
| | حواسِ خمسہ ظاہری کی بے بسی | 559 |
| | 2- حواسِ خمسہ باطنی | 561 |
| | حسِ مُشترک | 561 |
| | حسِ خیال | 561 |
| | حسِ واہمہ | 562 |
| | حسِ حافظہ | 562 |
| | حسِ مُتصرّفہ | 562 |
| | حواسِ خمسہ باطنی کی بے بسی | 563 |
| | 3- اِنسانی قلب کے لطائفِ خمسہ | 566 |
| 127 | اِنسانی علوم کی بے بسی اور علمِ نبوّت کی ضرورت | 568 |
| | **باب چہارُم: اِسلام اور طبِ جدید** | 571 |
| 128 | مسلسل طبّی تحقیق کی ترغیب | 576 |
| 129 | **صحت، صفائی اور حفظِ ماتقدّم** | 576 |
| 130 | وضو سے حفظانِ صحت | 578 |
| 131 | آدابِ طعام اور حفظانِ صحت | 580 |
| 132 | برتن میں سانس لینے کی ممانعت | 582 |
| 133 | متعدّی اَمراض سے حفاظت | 584 |


www.MinhajBooks.com

134 دانتوں اور منہ کی صفائی 585

**135 نماز کے طبی فوائد** 587

تکبیرِ تحریمہ 589

قیام 590

رُکوع 590

سجدہ 590

تشہّد 591

سلام 591

136 کم خوری اور متوازن غذا 591

**137 مجوّزہ غذائیں** 594

گوشت (Meat) 595

گائے کا گوشت (Beef) 596

چھوٹا گوشت (Mutton) 597

سفید گوشت (White meat) 598

انجیر اور زیتون (Fig & Olive) 599

شہد (Honey) 601

شہد کے اجزاء 603

انگور (Grapes) 604

لہسن (Garlic) 605

پیاز (Onion) 605


www.MinhajBooks.com

138 **ممنوعہ غذائیں** 606

خنزیر (Pork) 606

شراب (Drinking) 608

139 **ڈاکٹروں کی رجسٹریشن اور اِمتحانی نظام** 610

140 بخار کا علاج 612

141 آپریشن کے ذریعے علاج 613

142 نفسیاتی اَمراض کا مستقل علاج 614

143 **اِسلام اور جینیاتی انجینئرنگ (Genetic engineering)** 617

اِشاریہ 623

کتابیات 683


www.MinhajBooks.com

# عرضِ مرتب

اللہ ربّ العزّت کی اِس وسیع و عریض کائنات میں اُس کی قدرت کی نشانیاں ہر سُو بکھری پڑی ہیں۔ آخری وحی ’قرآنِ مجید‘ جہاں بنی نوعِ اِنسان کے لئے حتمی اور قطعی ضابطۂ حیات ہے، وہاں اِس کائناتِ ہست و بُود میں جاری و ساری قوانینِ فطرت بھی اِنسان کو اُلوہی ضابطۂ حیات کی طرف متوجہ کرتے نظر آتے ہیں۔ ’قرآنِ مجید‘ خارجی کائنات کے ساتھ ساتھ نفسِ اِنسانی کے دُروں خانہ کی طرف بھی ہماری توجہ دِلاتا ہے اور اُن دونوں عوالم میں قوانینِ قدرتِ اِلٰہیہ کی یکسانی میں غور و فکر کے بعد اپنے خالق کے حضور سربسجدہ ہونے کا حکم دیتا ہے۔ قرآنی علوم کے نور سے صحیح معنوں میں فیضیاب ہونے کے لئے ہمیں قرآنی آیات میں جا بجا بکھرے ہوئے سائنسی حقائق پر غور و فکر کرنا ہو گا۔

اِسلام نے اپنی پہلی وحی کے دِن سے ہی بنی نوعِ اِنسان کو آفاق و اَنفس کی گہرائیوں میں غوطہ زن ہونے کا حکم دیا۔ یہ اِسلام ہی کی تعلیمات کا فیض تھا کہ دُنیا کی اُجڈ ترین قوم ’عرب‘ اُحکامِ اِسلام کی تعمیل کے بعد محض ایک ہی صدی کے اندر دُنیا بھر کی اِمامت و پیشوائی کی حق دار ٹھہری اور دیکھتے ہی دیکھتے اُس نے دُنیا کو یونانی فلسفے کی لاحاصل مُوشگافیوں سے آزاد کراتے ہوئے فطری علوم کو تجربے (experiment) کی بنیاد عطا کی۔ قرآنِ مجید کی تعلیمات کے زیرِاثر یہ اُنہی کے اِختیار کردہ ’سائنسی طریقِ تحقیق‘ (scientific method) کی بنیاد تھی جس کی

بدولت ہزار ہا سال سے جاری سلسلۂ علمِ انسانی نے عظیم کروَٹ لی اور موجودہ صدی نے اُس کا پھل پایا۔

صدی جب کروَٹ بدلتی ہے تو ایک 'ممکن' کو 'حقیقت' کا رُوپ مل چکا ہوتا ہے۔ پچھلی نسل جس ترقی کی خواہش کرتی تھی موجودہ نسل اُسے کئی منزلیں پیچھے چھوڑ چکی ہے۔ سائنسی تحقیقات کی موجودہ تیزی نے زمین و آسماں کی پہنائیوں میں پوشیدہ لاتعداد حقائق بنی نوعِ اِنسان کے سامنے لا کھڑے کئے ہیں۔ آج سے کم و بیش ڈیڑھ ہزار سال پہلے بنی نوعِ اِنسان کے ذِہن میں علم کے موجودہ عروج کا اُدنیٰ سا تصوّر بھی موجود نہ تھا۔ اِنسان یوں جہلِ مرکب میں غرق تھا کہ اپنی جہالت کو عظمت کی علامت گردانتے ہوئے اُس پر نازاں ہوتا تھا۔ اِسلام کی آفاقی تعلیمات نے اُس دَورِ جاہلیت کا پردہ چاک کرتے ہوئے ہزارہا ایسے فطری ضوابط کو بے نقاب کیا جن کی صداقت پر دَورِ حاضر کا سائنسی ذِہن بھی محوِ حیرت ہے۔

قرونِ وُسطیٰ میں مسلمان سائنسدانوں نے جن سائنسی علوم کی فصل بوئی تھی آج وہ پک کر جوان ہو چکی ہے اور موجودہ دَور اُسی فصل کو کاشت کرتے ہوئے اُس کے گوناگوں فوائد سے مُستفید ہو رہا ہے۔ مسلمان جب تک علمی روِش پر قائم رہے سارے جہان کے اِمام و مقتدا رہے اور جونہی علم سے غفلت برتی 'ثریا سے زمیں پر آسماں نے ہم کو دے مارا'۔ اور آج حالت یہ ہے کہ ہمارے اَسلاف کا علمی وِرثہ اپنے اندر ہونے والے بے شمار اِضافہ جات کے ساتھ اَغیار کا اوڑھنا بچھونا ہے اور ہم اُن کے پیچھے علمی و ثقافتی اور سیاسی و معاشی میدانوں میں دَر دَر کی بھیک مانگتے نظر آتے ہیں۔

2 جنوری 1492ء کا تاریخی دِن مغربی دُنیا کیلئے علم و فن، تہذیب و تمدّن

اور سائنس و ٹیکنالوجی کا تحفہ لئے طلوع ہوا۔ غرناطہ میں ہونے والی سیاسی شکست کے بعد مسلم قوم ذہنی شکست خوردگی کی دلدل میں اُلجھ کر سوگئی اور عالمِ مغرب مسلمانوں کی تحقیقات و اِکتشافات پر سے اُن کے موجدوں کا نام کھرچ کر اُنہیں اپنے نام سے منسوب کرنے لگا۔ اِسلامی سپین کی یونیورسٹیوں میں زیرِ تعلیم عیسائی و یہودی طلباء مسلمانوں کا علمی وطیرہ اپنے ساتھ اپنے ممالک کو لے گئے اور ہم غرناطہ میں سیاسی شکست کھانے کے بعد اُسے مقدّر کا لکھا کہتے ہوئے رو پیٹ کر بیٹھ رہے اور سیاسی میدان میں ہونے والی شکست کے بعد علمی میدان سے بھی فرار کا راستہ اِختیار کر لیا۔ اَغیار نے ہمارے علمی وِرثے سے بھرپور فائدہ اُٹھایا اور سائنسی ترقی کی اوجِ ثریا تک جا پہنچے۔ غفلت کی نیند بے سُدھ پڑی مسلمان قوم کو فقط ایک ٹھوکے کی ضرورت ہے، فقط اپنی میراث سے شناسائی ضروری ہے، جس روز اِس قوم نے اَغیار کے قبضے میں پڑی اپنی قیمتی متاع کو پہچان لیا یقیناً اپنے کھوئے ہوئے وِرثے کے حصول کے لئے تڑپ اُٹھے گی، وہ دِن تاریخِ عالم کا سنہری دِن ہوگا۔

بیسوِیں صدی عالمِ اِسلام کے لئے اللہ ربّ العزت کی بے شمار نعمتیں لئے آئی۔ اِس صدی میں جہاں کرۂ اَرضی کے بیشتر مسلمان سیاسی آزادی کی نعمت سے بہرہ مند ہوئے وہاں علمی میدان میں بھی مثبت تبدیلی کے آثار نمودار ہوئے، لیکن مسلمان حکمرانوں نے نہ صرف آزادی کے اَثرات کو اپنے عوام کی پہنچ سے دُور رکھا بلکہ صحیح فطری خطوط پر اُن کی تعلیم کا خاطر خواہ اِنتظام بھی نہ کیا، جس کی وجہ سے قحطُ الرجال کا مسئلہ جوں کا توں باقی رہا۔ اِس وقت دُنیا کی اکانومی کا بڑا اِنحصار تیل پیدا کرنے والے مسلمان ممالک پر ہے۔ عرب کی دولت مسلمانوں کی معاشی اَبتری

سے نجات اور عالمی سطح پر سیاسی تفوّق کی بحالی کے لئے بہترین مددگار ثابت ہوسکتی تھی مگر افسوس کہ وہ بھی شاہی اللّوں تللّوں میں ضائع ہوگئی اور مِن حیث المجموع اُمتِ مسلمہ اُس سے کوئی خاص فائدہ نہ اُٹھا سکی۔

عالمِ اِسلام کے موجودہ زوال و اِنحطاط کا بنیادی سبب جہالت، علمی روِش سے کنارہ کشی اور صدیوں کی غلامی کے بعد ملنے والی آزادی کے باوُجود جاہل حکمرانوں کا اپنی قوم کو حقیقی علومِ اِنسانی کے حصول میں پس ماندہ رکھنا ہے۔ نئی نسل کی ذہانت صدیوں سے مسلّط عالمی محکومی کے زیرِ اثر دب کر رہ گئی ہے۔ دورِ حاضر کے مسلم نوجوان کے تشکیک زدہ اِیمان کو سنبھالا دینے کی واحد صورت یہ ہے کہ اُسے اِسلامی تعلیمات کی عقلی و سائنسی تفسیر و تفہیم سے آگاہ کرتے ہوئے سائنسی دلائل کے ساتھ مستحکم کیا جائے۔ قومی سطح پر چھائے ہوئے اِحساسِ کمتری کے خاتمے کے لئے ضرورت اِس امر کی ہے کہ نئی نسل کو مسلمان سائنسدانوں کے کارناموں سے شناسا کیا جائے تاکہ اُس کی سوچ کو مثبت راستہ ملے اور وہ جدید سائنسی علوم کو اپنی متاع سمجھتے ہوئے اپنے اَسلاف کی پیروِی میں علمی و سائنسی روِش اپنا کر پختہ علمی بنیادوں کے ساتھ اِحیائے اِسلام کا فریضہ سرانجام دے سکے۔

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ جو شخص جتنا زیادہ سائنسی علوم جانتا ہے وہ اُتنا ہی زیادہ اِسلامی تعلیمات سے اِستفادہ کرسکتا ہے۔ اِس سلسلے میں مستشرقین کی طرف سے اِسلام پر ہونے والے اِعتراضات کے ٹھوس عقلی و سائنسی بنیادوں پر جواب کے لئے **’جدید علمِ کلام‘** کو باقاعدہ فروغ دینے کی بھی ضرورت ہے۔ اِس سے نہ صرف مغربی اَفکار کی یلغار کی وجہ سے مسلم نوجوانوں میں اپنے عقائد و نظریات کے بارے میں جنم لینے والی تشکیک سے نجات ملے گی بلکہ غیر مسلم اقوام پر بھی اِسلام کی حقانیت عیاں ہوگی۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی علمی و فکری خدمات رہتی دُنیا تک کے لئے عالمِ اسلام کا عظیم سرمایہ ہیں۔ خاص طور پر مسلم نوجوانوں کے اِیمان کی ڈگمگاتی ناؤ کو سہارا دینے کے لئے آپ نے بے شمار عصری موضوعات پر بھی کام کیا، جس سے نہ صرف نسلِ نو کا اِسلام پر اِعتقاد مضبوط ہوا بلکہ بہت سے غیرمسلم بھی قبولیتِ اِسلام کے شرف سے بہرہ مند ہوئے۔

زیرِنظر کتاب پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری کے 'اِسلام اور جدید سائنس' سے متعلقہ اَفکار پر مبنی ہے۔ کتاب میں مختلف مواقع پر اعلیٰ تعلیمی اِداروں میں ہونے والے آپ کے لیکچرز کو مرتب کرتے ہوئے ضروری اِضافہ جات کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔ ان لیکچرز میں آپ نے قرآنی آیات میں جا بجا بکھرے ہوئے سائنسی حقائق کو بیان کرتے ہوئے یہ ثابت کیا ہے کہ اِسلام ہر دَور کا دین ہے، جو اِنسانی زندگی کے ہر پہلو پر اُس کی رہنمائی کرتا ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ سے دُعا ہے کہ وہ ہمیں اِسلام کے آفاقی پیغام کو سمجھنے اور اُس پر عمل پیرا ہونے کی توفیق سے نوازے تاکہ ہم علمی و فکری اور سائنسی و تہذیبی پسماندگی کی اتھاہ گہرائیوں سے نکل کر اپنی عظمتِ رفتہ کو بحال کر سکیں۔

عبدالستّار (منہاجین)

ریسرچ سکالر

فریدِ ملت رحمۃ اللہ علیہ ریسرچ اِنسٹیٹیوٹ، لاہور

Fri. 25th May 2001